





NYC

# Department for the Aging

## منسلک ہو جائیں۔

## متحرک رہیں۔

## صحت مند بنیں۔

ہم سے رابطہ کریں

212-AGING-NYC

## مشن اور مقصد

**نیو یارک شہر کا محکمہ برائے عمر رسیدگی (NYC ایجنگ) عمر کی بنیاد پر تعصب کو کم کرنے اور متنوع بزرگ افراد کا وقار اور معیار زندگی یقینی بنانے اور ان کے نگہداشت کنندگان کی معاونت کے لئے خدمات، وکالت اور تعلیم کے ذریعے کام کرتا ہے۔**

NYC ایجنگ مقامی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری کرتے ہوئے بزرگ افراد کے مراکز، فطرتی طور پر بننے والی ریٹائرمنٹ کمیونٹیز، کیس منیجمنٹ اور ہوم کیئر ایجنسیوں کے ذریعے خدمات مہیا کرتا ہے۔ ہر بورو میں گھر کھانا بھیجنے کے پروگرام، نگہداشت کنندہ کی سپورٹ کے پروگرام، ذہنی صحت کے پروگرام، ذرائع نقل و حمل اور بہت کچھ مزید موجود ہے۔

NYC ایجنگ رضاکارانہ وسائل بھی فراہم کرتا ہے اور اس میں بزرگ افراد کی ملازمت کی خدمات کا یونٹ، بزرگ افراد کے لئے انصاف کا یونٹ، دادا دادی کے وسائل کا مرکز، رضاعی دادا دادی کا پروگرام، بل ادا کرنے والوں کا پروگرام اور مزید شامل ہیں۔

## بزرگ افراد کے مراکز (OAC)

نیو یارک شہر میں 300 سے زائد بزرگ افراد کے مراکز (OAC) موجود ہیں اور 60 سال اور زائد عمر کے افراد کے لئے ان کی رکنیت مفت ہے۔ ہر مرکز بزرگ نیو یارکرز کی صحت اور تفریح میں معاونت کے لئے کئی سرگرمیاں اور خدمات پیش کرتا ہے۔ ان میں درج ذیل شامل ہیں:

- مجموعی کھانے؛ مراکز ثقافتی لحاظ سے مناسب، غذائیت سے بھرپور کھانے فراہم کرتے ہیں جن سے ارکان ایک ساتھ لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔
- کلاسیں اور سرگرمیاں؛ فنون لطیفہ اور دستکاری، ٹیکنالوجی اور تفریحی ڈے ٹرپس۔
- تندرستی اور صحت کا فروغ؛ چہل قدمی کے کلب، کرسی کی ورزشیں، تائی چی، ذاتی منیجمنٹ اور گرنے سے بچاؤ کی ورک شاپس۔
- صحت کے وظائف اور حقوق، آمدورفت کی خدمات اور دیگر پروگرامز تک رسائی کے لئے وسائل سے روابط

## گھر پر مبنی خدمات

اگر آپ کو اپنا خیال رکھنے میں مدد درکار ہے یا کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جسے مدد کی ضرورت ہے تو ایک تربیت یافتہ کیس منیجر آپ کے گھر آئے گا اور تعین کرے گا کہ کون سی خدمات آپ کو اپنی کمیونٹی میں رہنے میں مدد دے سکتی ہیں۔ وہ مناسب خدمات تک رسائی مہیا کرنے کے قابل ہو سکتے ہیں، بشمول:



- NYC ایجنگ کی ہوم کیئر خدمات (میڈک ایڈ کے وصول کنندگان اس خدمت کے اہل نہیں اور انہیں میڈک ایڈ ہوم کیئر کی درخواست دینی ہو گی):
  - ذاتی نگہداشت کی خدمات
  - گھر کی دیکھ بھال
- وظائف اور حقوق کا جائزہ اور ان کی درخواست دینے میں مدد۔
- NYC ایجنگ کے گھر پر بھیجے جانے والے کھانے یا کھانوں کے دیگر غیر منافع بخش پروگرام۔
- NYC ایجنگ کا دوستانہ ملاقاتوں کا پروگرام۔
- طویل مدتی نگہداشت کے اختیارات کا جائزہ۔

## نگہداشت کنندہ کی معاونت

کسی کا خیال رکھنے سے ذہنی دباؤ پیدا ہو سکتا ہے اور مدد لینے کا پہلا قدم یہ تسلیم کرنا ہے کہ آپ نگہداشت کنندہ ہیں۔ اگر آپ کسی 60 سالہ یا زائد عمر کے فرد یا الزائمرز یا دیگر ڈیمنشیا امراض یا کسی دائمی مرض میں مبتلا مریضوں کا خیال رکھ رہے ہیں تو NYC ایجنگ آپ کو معاون خدمات سے منسلک کر سکتا ہے اگر آپ رشتہ دار کے طور پر نگہداشت کنندہ ہیں، 55 سال یا زائد عمر میں 18 سال سے کم عمر بچے کی دیکھ بھال کرتے ہیں یا 55 سال یا زائد عمر میں کسی معذور بالغ فرد کی دیکھ بھال کرتے ہیں تو بھی آپ مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ NYC ایجنگ کمیونٹی پر مبنی نگہداشت کنندگان کے 12 پروگرامز کو فنڈنگ دیتا ہے جو درج ذیل فراہم کر سکتے ہیں:



- معلومات اور حوالے
- طویل مدتی نگہداشت کی منصوبہ بندی۔
- سپورٹ گروپ۔
- مشاورت اور تربیت۔
- ریسپائٹ (وقفہ/آرام) کی نگہداشت۔
- کچھ اقسام کی مددگار ڈیوائسز (میڈیکل الرٹ سسٹم، گھر میں محدود تبدیلیاں اور نگہداشت کی فراہمی کا سامان) کے لئے مالی امداد۔

## فطرتی طور پر بننے والی ریٹائرمنٹ کی کمیونٹیز (NORC)



NORC سے مراد ایک کئی عمروں پر مشتمل رہائشی علاقہ ہے جسے آغاز میں بزرگ افراد کے لئے نہیں بنایا گیا تھا لیکن اب اس میں ان کی بڑی تعداد موجود ہے۔ شہر بھر میں NYC 36 ایجنگ سے منسلک NORC موجود ہیں جن میں معاون خدمات اور پروگرامز موجود ہیں جو رہائشیوں کو کیس منیجمنٹ، کیس میں مدد، نگہداشت صحت میں مدد اور صحت کو فروغ دینے کی خدمات مہیا کرتے ہیں۔

## دوستانہ ملاقاتوں کا پروگرام



NYC ایجنگ کے دوستانہ ملاقاتوں کے پروگرام کا مقصد شہر کی بزرگ آبادی کو نئے دوست اور نئے سماجی تعلقات بنانے کا موقع فراہم کرتے ہوئے ان میں سماجی علیحدگی کو کم کرنا ہے۔ بزرگ افراد کو کسی جانچ شدہ اور تربیت یافتہ رضاکار اور/یا ساتھیوں کے گروپ سے منسلک کیا جاتا ہے جن سے وہ ہفتہ وار بنیادوں پر رابطہ کر سکتے ہیں۔ وہ کئی طریقوں سے رابطہ کر سکتے ہیں، بشمول گھر پر ملاقات، فون کال یا دوستی کرنے کے لئے ورچوئل پروگرام۔

## ہیلتھ انشورنس کی معلومات، مشاورت اور معاونت کا پروگرام (HIICAP)



HIICAP بزرگ نیویارکرز کے ہیلتھ انشورنس کے متعلق سوالات میں مدد کرتا ہے۔ تربیت یافتہ نمائندگان رہائشیوں کے ساتھ میڈی کیئر کی پالیسیوں کا جائزہ لے کر دیکھ سکتے ہیں کہ ان کے لئے کون سا پلان مناسب ہے اور سائن اپ کرنے میں ان کی مدد کرتے ہیں۔ علاقے کے نمائندگان جن چیزوں میں مدد کر سکتے ہیں، ان میں سے کچھ میڈی کیئر پارٹ اے اور بی کے پلان، میڈی کیئر پارٹ ڈی ادویات کے نسخوں کے پلان، میڈی کیئر بچت کا پروگرام اور میڈی کیئر کا ریٹائر ہونے والوں کی کوریج کے ساتھ کام کرنے کا طریقہ شامل ہے۔

## ذرائع نقل و حمل



NYC ایجنگ کے ذریعے بزرگ افراد کے لئے کمیونٹی پر مبنی تنظیموں کی طرف سے انفرادی اور گروپ پر مبنی آمدورفت کی خدمات مہیا کی جاتی ہیں۔ 60 سال اور زائد عمر کے افراد اور عوامی ذرائع نقل و حمل کی رسائی یا استعمال نہ کر سکنے والے افراد کی لازمی طبی اور سوشل سروس اپائنٹمنٹس کے لئے یہ خدمت دستیاب ہے۔ بزرگ افراد کے مراکز خریداری اور تفریحی سرگرمیوں جیسے کاموں کے لئے گروہ کی صورت میں آمدورفت بھی فراہم کرتے ہیں۔

## ذہنی صحت کی خدمات



NYC ایجنگ کا بزرگ افراد کی ذہنی صحت کا پروگرام لائسنس یافتہ ذہنی صحت کے ڈاکٹرز کو ہر بورو کے بالغ افراد کے مرکز میں تعینات کرتا ہے۔ خدمات میں ذہنی صحت کی ضروریات کا تعین کرنے کے لئے جانچ، تھیراپیوٹک مشاورت اور بزرگ نیو یارکرز کی ذہنی صحت کے متعلق شرمندگی کا احساس ختم کرنے کے لئے مشغولیت کی سرگرمیاں شامل ہیں۔ ان خدمات کی وصولی کے لئے آپ کا بزرگ افراد کے مرکز کا رکن ہونا ضروری نہیں۔ یہ کلائنٹ کی ترجیح کے مطابق آمنے سامنے، ورچوئل طریقے سے یا ٹیلیفون پر کئی زبانوں میں پیش کی جاتی ہیں تاکہ مختلف پس منظر اور ثقافتوں سے تعلق رکھنے والے رہائشیوں کی مدد ہو سکے۔

## بزرگوں کے لئے انصاف

NYC ایجنگ کا بزرگ افراد کے خلاف جرائم کے متاثرین کا مرکز وسائل اجنبی لوگوں کے جرائم، بشمول گھر میں گھس آنا، ڈکیتی، حملہ، فراڈ اور دھوکہ دہی سے متاثر ہونے والوں کو براہ راست خدمات فراہم کرتا ہے۔ بزرگ افراد سے بدسلوکی کے کئی کمیونٹی پر مبنی پروگرام بھی موجود ہیں جو کسی واقف اور بھروسہ مند فرد کی طرف سے جسمانی، جذباتی جنسی یا مالی بدسلوکی سے گزرنے والے بزرگ رہائشیوں کو مشاورت اور مدد فراہم کرتے ہیں۔

## بزرگ افراد کی ملازمت کی خدمات

بزرگ افراد کی ملازمت کی خدمات کے یونٹ میں ایسے بزرگ رہائشیوں کے لئے منفرد پروگرام موجود ہیں جو بےروزگار ہیں یا اپنی صلاحیتوں کے مطابق کم کام کرتے ہیں اور افرادی قوت میں شرکت کرنے کے خواہش مند ہیں۔ خواہ آپ کریئر میں تبدیلی چاہتے ہوں یا جُز وقتی کام جاری رکھنا چاہتے ہوں، NYC ایجنگ میں آپ کو اپنے اہداف میں مدد دینے کے لئے تربیت اور معاونت موجود ہے۔

## رضاکارانہ خدمات کے مواقع

NYC ایجنگ کے رضاکارانہ پروگرام میں ایسے ایجنسی پروگرام اور شہر بھر کے کمیونٹی کے شراکت دار شامل ہیں جو ایسے افراد کی تلاش میں ہیں جو اپنی کمیونٹیز کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ خوراک کے نعمت خانوں سے لے کر وسائل کے میلوں اور نوجوانوں کی رہنمائی تک رضاکاران کو ایسے مواقع سے منسلک کیا جاتا ہے جو مزے دار، بامعنی اور دلچسپ ہوں۔

## نیو یارک شہر میں NY کنیکٹس

NY کنیکٹس کئی سرکاری اور کمیونٹی پر مبنی شراکت داروں کی شراکت داری ہے جو بزرگ افراد کو خودمختار رہنے میں مدد دینے کے لئے مفت، غیر جانبدارانہ، جامع معلومات اور مدد فراہم کرتی ہے۔ ہر بورو میں مقامی دفتر سے رابطہ کیا جا سکتا ہے جہاں کا عملہ درج ذیل کام کر سکتا ہے:

- وظائف اور عوامی حقوق کے لئے اہلیت کا تعین اور مدد۔
- خدمات کے مفت حوالہ جات کی فراہمی اور ان سے منسلک کرنا۔
- افراد، بشمول نگہداشت کنندگان کو سپورٹ گروپس سے منسلک کرنا۔

### منسلک رہیں ▶

**nyc.gov/aging** پر محکمہ برائے عمر رسیدگی آن لائن ملاحظہ کریں یا سوشل میڈیا پر دیکھیں:

**NYCAging@**

خدمات کے متعلق مزید معلومات کے لئے **212-AGING-NYC** (212-244-6469) پر کال کریں۔

## قانونی خدمات

NYC ایجنگ بزرگ افراد کے لئے قانونی امداد نامی پروگرام کے تحت مقامی تنظیموں کے ساتھ کام کرتے ہوئے ان رہائشیوں کو مفت قانونی خدمات مہیا کرتا ہے جنہیں نجی نمائندگی تک رسائی حاصل نہیں۔ یہ پروگرام تمام پانچ بورو میں 60 سال اور زائد عمر کے بزرگ افراد کو مفت قانونی خدمات مہیا کرتا ہے۔ رہائشی جن مسائل کے متعلق مدد حاصل کر سکتے ہیں، ان میں شامل ہیں:

- رہائش، جیسا کہ مالک مکان/کرایہ دار کے مسائل، مورگیج کی ادائیگی نہ ہونے پر گھر پر قبضہ، گھر کی مرمت کا فراڈ، یوٹیلیٹی سہولت بند ہو جانا یا گھر کی ملکیت/حقیقی جائیداد۔
- سرپرستی یا بدسلوکی یا غفلت کے کیس۔
- صارفین کے مسائل جیسا کہ صارف کے ساتھ فراڈ، کریڈٹ کارڈ فراڈ، دیوالیہ ہو جانا یا ریورس مورگیج۔

## NYC ایجنگ کے علاوہ وسائل

ACCESS NYC رہائش، خوراک اور مزید کے متعلق مالی پروگرامز اور وظائف کے لئے شہر کا آن لائن جانچ کا ٹول ہے:
**access.nyc.gov**

## ہم سے رابطہ کریں

کئی خدمات مفت یا کم قیمت ہیں اور کئی زبانوں میں دستیاب ہیں۔

ایجنگ کنیکٹ وسائل، خدمات اور رضاکارانہ خدمات کے مواقع کے لئے ہمارا رابطہ مرکز ہے۔ عمر رسیدگی کے ماہر سے بات کرنے کے لئے **6469-244 (212)** پر کال کریں۔

NYC ایجنگ ک خدمات یا بزرگ افراد کے لئے ہنگامی صورتحال کی تیاری کے بارے میں پریزنٹیشن کی درخواست کرنے کے لئے **www.nyc.gov/aging/presentation** ملاحظہ کریں۔

NYC™
**Department for the Aging**

منسلک ہو جائیں۔
متحرک رہیں۔
صحت مند بنیں۔